© rasailojaraid.com



# حرف وحکایت

عنقا

معروف ادبی شخصیت احمد ندیم قاسمی مرحوم روز نامہ ''امروز'' لاہور میں ''عنقا'' کے قلمی نام سے فکاہیہ کالم ''حرف وحکایت'' لکھا کرتے تھے۔ آج کل ہمارے ہاں لفظ ''اَل'' کا استعمال کثرت سے ہو رہا ہے۔ ذیل کے کالم میں قاسمی صاحب نے کئی برس پہلے اس کا جائزہ لیا ہے۔ قندِ مکرر کے طور پر ہدیۂ قارئین ہے۔ (ادارہ)

شعر وادب کے جدید نقادوں نے مولانا حالی کی ایک معروف تصویر میں، ان کی گردن کے گرد لپٹے ہوئے مفلر کے حوالے سے بھی ان کے فن کا جائزہ لیا ہے اور ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ مولانا حالی جبڑے بھینچے رکھنے کی حد تک سنجیدہ تھے اور حسِ مزاح انھیں چھو بھی نہیں گئی تھی۔ حال ہی میں ہم نے اپنے دوست نصر اللہ خاں (نواب زادہ نصر اللہ خاں نہیں) کے کالم ''آداب عرض'' میں یہ سطور پڑھیں تو حیرت ہوئی کہ جن حضرات کو مولانا حالی کا مفلر نظر آیا انھیں یہ سطور کیوں دکھائی نہ دیں۔ ان سطور میں مولانا حالی کے طنز کی کاٹ اتنی شدید ہے کہ ان کے دور میں متعلقہ افراد اور اداروں نے انھیں پڑھا ہوگا تو کیا کیا پیچ وتاب نہیں کھائے ہوں گے۔ وہ زمانہ ہی ایسا تھا ورنہ اگر مولانا آج زندہ ہوتے اور یہی کچھ لکھتے تو ان کے خلاف ایک ہفت روزے کا اجرا ناگزیر تھا۔

محترم نصر اللہ خاں لکھتے ہیں:

''مولانا حالی نے چند الفاظ واصطلاحات کی، اپنے انداز میں تشریح کی تھی جو اتنا زمانہ گزرنے کے بعد جوں کی توں تو نہیں رہی ہے، توں کی جوں ضرور ہوگئی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

الانجمن ہائے اسلامیہ: سبزۂ برشگال

الاتفاق در مسلماناں: چوں اجتماع در نقیضین

الرئیس: آنکہ از ریاست بے خبر باشد

المذہب: اعلانِ جنگ

العلم: قسمے از جہل مرکب

المولوی: آنکہ مسلماناں را از دائرۂ اسلام خارج می کردہ شد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الواعظ: آنکہ درتفریق بین المسلمین خطا نہ کند

الکمیشن: وجہ موجہ برائے فیصلہ یک طرفہ

مولانا حالی کی طرف سے الفاظ و اصطلاحات کی ان تشریحات سے لطف اندوز ہونے کے لیے سرسید کی تحریکِ اصلاح و تعلیم اور ان کے رفیقوں کے ساتھ اپنے ہی بعض مسلمان بھائیوں کے سلوک کی یاد تازہ کرنا ہوگا۔ بہرحال آج ہم مولانا حالی ہی کے انداز میں بعض الفاظ و اصطلاحات کے جدید مفاہیم کی تشریح کرنا چاہتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے:

المیونسپل انکارپوریشن: ایک ادارہ جس کا فعل اس کے قول سے اور جس کا قول اس کے فعل سے مطابقت نہیں رکھتا

الواپڈا: ایک ادارہ جو برقی قوت پیدا کرنے کے سلسلے میں تو ایم اے پاس ہے مگر برقی قوت سپلائی کرنے کے معاملے میں فی الحال کچی پہلی میں ہے۔

البھاؤ: چڑھنا جس کی فطرت میں ہے اور اترنا اسے آتا ہی نہیں۔

التاجر: وہ فرد جو رمضان المبارک میں بھی برادرانِ اسلام کی ضروریات کو جنسِ تجارت بنالیتا ہے۔

المرمت السڑک: راستے کی گودڑی میں چند اور دھجیوں کا اضافہ

السیاست: اپنا ذاتی یا جماعتی اُلو سیدھا کرنے کا فن

اللیڈر: بہروپ بھرنے کا ماہر لیکن جسے بہروپیا کہنا خلافِ اخلاق ہے۔

الپولیٹیکل پارٹی: قسمت آزماؤں کا گروہ جس کی کرسیوں کے پائے عوامی مطالبات کے سینے میں پیوست ہوتے ہیں۔

المنشور: جھوٹ کا ایک پلندہ جس کی جلد سبز ہوتی ہے

الجلسہ: مخالفین کو گالیاں دینے کا اڈا

الپریس کانفرنس: تردید اور تاویل کا گورکھ دھندا

الاختیار: نہ داد نہ فریاد

الحقوق: پہلے تو یہ لفظ ”حق“ کی جمع تھا مگر اب ”حقے“ کی جمع ہے۔

المطالبہ: ایک درخواست جس کا نامنظور ہونا مقدر ہے۔

الاصول: موم کی ناک جسے چاہو تو دائیں موڑ، چاہو تو بائیں موڑ لو اور چاہو تو اکھیڑ کر جیب میں رکھ لو۔

الزیرغور: فیصلہ قیامت پر ملتوی

العنقریب: یہ دراصل ”اَن قریب“ ہے جیسے ”ان وانٹڈ“، ”اَن ڈیزائریبل“، ”اَن ٹرو“ وغیرہ۔

الانتخاب: گنکے بازی کا کُل ملکی مقابلہ

الووٹر: ایک فرد جو ووٹ کا حق پا کر لرزہ براندام ہے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



البیلٹ بکس: مداری کی پٹاری کہ کاغذ ڈالو اور کبوتر نکال لو۔

الامیدوار: بغل میں چھری منہ میں رام رام

الوزارت: سیاسی مجنونوں کی لیلیٰ

البرطرفی: دنیا کی بے ثباتی کا سیاسی ثبوت

الشاعر: سچی باتیں ہانکنے والا پگلا

الصحافی: برچھی چلے کسی پہ ، تڑپتا ہے یہ امیرؔ
سارے جہاں کا درد اسی کے جگر میں ہے

الکرکٹر: نہایت محنت سے ہارنے والا کھلاڑی

الکارکن: جس کا کام دوسروں کو کام پر اکسانا اور خود کوئی کام نہ کرنا ہے۔

الگداگر: جسے معاشرے نے منہ لگانے اور ہاتھ پھیلانے پر ملازم رکھ چھوڑا ہے۔

ماہانہ مجلس ذکرو اصلاحی بیان
28 مئی 2009ء
جمعرات بعد نماز مغرب
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری
دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061-4511961

ماہانہ مجلس ذکرو اصلاحی بیان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری
دامت برکاتہم
(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)
دفتر احرار 69/C
وحدت روڈ نیو مسلم ٹاؤن لاہور
3 مئی 2009ء
اتوار بعد نماز مغرب
نوٹ: ہر انگریزی ماہ کی پہلی اتوار کو بعد نمازِ مغرب مجلس ذکر و اصلاحی بیان ہوتا ہے
تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبہ تبلیغ) مجلس احرار اسلام لاہور فون: 042-5865465



© rasailojaraid.com